## سوال

(70)ذی روح کی بنوانا اور گھر میں رکھنا کیسا ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کہتا ہے تصویر ذی روح کی بنوانا۔ اور گھر میں آویزاں کرنا جائز ہے۔ جو منع کرتا ہے سخت غلطی پر ہے۔ بکر کہتا ہے کہ زی روح کا فوتو کھنچوانا اور آویزاں کرنا حرام ہے۔ نیز: بکر نے اصلاح کی غرض سے نہایت عاجزانہ کلام میں سمجھایا کہ آپ اس سے فورا توبہ کیجئے۔ زید مجلس عام میں بول اٹھا کہ بخاری شریف کی حدیث جو مصور کی وعید میں آئی ہے۔ منسوخ ہے۔ لہذا جواب عنایت فرمادیں۔ (سائل محمد زبیر خریدار اہلحدیث)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ذی روح کی تصویر بنانا یا استعمال کرنا منع ہے۔ اور غیر زی روح جیسے درخت وغیرہ کی تصویر جائز ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللهِ الْمُصَوِّرُونَ (متفق علیہ)

بخاری شریف کی اس روایت کو کسی نے منسوخ نہیں کیا۔ اور نہ کہا ہے جو کہے وہ اپنے دعوے کا ثبوت دے۔ باقی رہا قائل جواز کا حکم جب تک اس کا اپنا بیان نہ پہنچے ہم اس کے حق میں فتویٰ نہیں دے سکتے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد2 ص65**

محدث فتویٰ